**18.12.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

.............................................................................

☆ حکومت نے اپوزیشن پر الزام لگایا ہے کہ وہ پارلیمنٹ میں ڈاکٹر امبیڈکر کے بارے میں وزیر داخلہ امت شاہ کے بیان کو توڑ مروڑ کر پیش کر رہی ہے۔ اپوزیشن پارٹیوں نے ان کے بیان پر احتجاج کیا۔

☆ بھارتی بحریہ کے ایک جدید ترین ہائیڈرو گرافک سمندری جہاز INS Nirdeshak کو آج وشاکھاپٹنم کے بحریہ کے Dockyard میں، بحریہ میں شامل کیا گیا۔

☆ ممبئی کے نزدیک سمندر میں ایک Ferry کشتی ڈوب گئی۔ خدشہ ہے کہ اِس میں کم سے کم 13 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

☆ موجودہ مالی برس کے دوران، براہ راست ٹیکس کی وصولیابی میں پچھلے برس کی اسی مدت کے دوران تقریباً 20 فیصد کا اضافہ نظر آرہا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر گواسکر ٹرافی کا تیسرا ٹیسٹ بارش کی وجہ سے ڈرا اور ختم ہو گیا۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## Govt Opposition Ambedkar

حکومت نے آج اپوزیشن پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے بارے میں دیئے گئے بیان کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کا الزام لگایا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اِس بیان کے خلاف لگائے گئے کانگریس کے الزامات کے بارے میں اُس کی یہ کہہ کر سخت نکتہ چینی کی کہ امت شاہ نے بھارتی آئین کے معمار کی توہین کرنے کی کانگریس کی سیاہ تاریخ کو ظاہر کر دیا ہے۔

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی یہ الزام لگاکر کانگریس کی سخت نکتہ چینی کی کہ پارٹی کل راجیہ سبھا میں ان کی تقریر کے بارے میں حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کر رہی ہے۔ نئی دلی میں آج شام پارٹی کوارٹر پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب شاہ نے کانگریس پر اِس بات کا الزام لگا کر اُس کی مذمت کی کہ وہ بی آر امبیڈکر کی مخالف ہے اور ریزرویشن اور آئین کے بھی خلاف ہے۔

S/B - 2100 - Amit Shah Parliament

پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ راجیہ سبھا میں جناب شاہ کی تقریر کی ایک چھوٹی سی کلپ گردش کر رہی ہے جس میں جو کچھ انہوں نے کہا ہے اسے توڑ مروڑ کر دکھایا گیا ہے۔

S/B - Kiren Rijiju on Ambedkar

اِس سے قبل دن میں اپوزیشن پارٹیوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں ڈاکٹر امبیڈکر کے متعلق جناب شاہ کے بیان کے خلاف احتجاج کیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے کانگریس صدر ملک ارن کھڑگے نے وزیر داخلہ کے بیانات پر اُن کی سخت نکتہ چینی کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اپنے بیان کے ذریعے جناب شاہ نے آئین کے معمار کی توہین کی ہے۔

S/B - 2100 New Kharge Ideology

## Par Adjourn

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی اپوزیشن کی جانب سے وزیر داخلہ امت شاہ پر ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی توہین کرنے کے الزامات کے سبب ہونے والے شوروغل کے بعد آج دن بھر کے لیے ملتوی کر دی گئی۔

لوک سبھا میں کارروائی ملتوی کیے جانے کے بعد جب دوپہر دو بجے ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو پریسائڈنگ آفیسر نے مختلف معاملات پر اپوزیشن ارکان کی جانب سے ملتوی کیے جانے کے نوٹس کو نامنظور کر دیا۔ اپوزیشن پارٹی کے ممبران پارلیمنٹ جناب شاہ کے بیان پر ان کی معافی کے مطالبے کے نعرے لگا رہے تھے۔ شور وغل

کے دوران پریسائڈنگ آفیسر نے ایوان کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی کر دی۔

راجیہ سبھا کی کارروائی میں بھی اِسی معاملے کے سبب شوروغل ہوا۔ کارروائی ملتوی کیے جانے کے بعد دوپہر دو بجے جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن کے ممبران پارلیمنٹ نے مرکزی وزیر داخلہ کے ڈاکٹر امبیڈکر کے تعلق سے بیان کے خلاف نعرے لگانے شروع کر دیئے۔ شور و غل کے دوران صدرنشیں جگدیپ دھنکھڑ نے دن بھر کے لیے ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی۔×

## LS Sugarcane

مرکز نے آج اطلاع دی کہ گنّے کے سیزن 23-2022 کے کسانوں کے گنّے کی قیمت کی ادائیگی کے 99 اعشاریہ نو فیصد بقایہ جات ادا کیے جاچکے ہیں۔ لوک سبھا میں ایک سوال کا تحریری جواب دیتے ہوئے صارفین کے امور، غذا اور عوامی تقسیم کے محکمے کے وزیر پرہلاد جوشی نے اطلاع دی کہ گنّے کے سابقہ سیزن 24-2023 کے لیے گنّے کی ایک اعشاریہ ایک ایک لاکھ کروڑ روپے کی بقایہ قابل ادا رقم میں سے تقریباً ایک اعشاریہ ایک صفر لاکھ کروڑ روپے کی ادائیگی کی جاچکی ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ گنّے کے موجودہ سیزن 25-2024 کے لیے گیارہ ہزار 141 کروڑ روپے کی قابل ادا گنّے کی قیمت میں سے آٹھ ہزار 126 کروڑ روپے کی رقم کسانوں کو ادا کی جا چکی ہے۔×

## Birla IFS

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آب و ہوا کی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ترقی اور پائیداریت کے درمیان توازن قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں آج انڈین Forest سروس کے زیر تربیت افسران کے ایک گروپ کیلئے پارلیمانی امور اور طریقۂ کار کے متعلق ایک کورس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ جناب برلا نے کہا کہ آب و ہوا کی تبدیلی، دنیا کے سامنے سب سے بڑے چیلنجوں میں سے ایک ہے اور بھارت، اِس چیلنج سے نمٹنے کیلئے مشن کی طرز پر سب سے آگے ہے۔

S/B: Om Birla- Forest

## Rev EC Meeting

انتخابی کمیشن نے آج دلی قانون ساز اسمبلی کے جلد ہونے والے انتخابات کے لیے انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی۔ اس میٹنگ کی صدارت اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے دیگر انتخابی کمشنروں

گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو کے ساتھ کی۔x

## PM Andman & Nicobar

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ انڈمان اور نکوبار جزائر کا نام ملک کے جانبازوں کے نام پر رکھنا، ملک کیلئے اُن کی خدمات کو آنے والی نسلوں تک یاد دہانی کرانے کو یقینی بنانے کا ایک طریقہ ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ قومیں، جو اپنی جڑوں سے جڑی رہتی ہیں، وہ ترقی اور ملک کی تعمیر میں آگے بڑھتی رہتی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ قدم ملک کے مجاہدین آزادی اور ممتاز شخصیات کی یاد کو محفوظ رکھنے اور اس کا جشن منانے کے ملک کے اہم اقدام کا ایک حصہ ہے، جنہوں نے ہماری قوم کیلئے انمِٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ x

## PM Kuwait

وزیراعظم نریندر مودی، کویت کے امیر شیخ مشعل ال احمد الجابر الصباح کی دعوت پر 21 اور 22 دسمبر کو کویت کا دورہ کریں گے۔ 43 برس میں یہ کسی بھارتی وزیراعظم کا کویت کا پہلا دورا ہوگا۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم کویت کی قیادت سے مختلف امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ جناب مودی کویت میں بھارتی برادری سے بھی بات چیت کریں گے۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ بھارت اور کویت کے درمیان روایتی طور پر قریبی اور دوستانہ تعلقات رہے ہیں جن کی بنیادیں تاریخی حیثیت رکھتی ہیں اور جنہیں اقتصادی اور عوام سے عوام کے درمیان مضبوط روابط کے ذریعے ہمیشہ ترقی ملتی رہی ہے۔ بھارتی برادری کویت میں رہنے والی سب سے بڑی غیرملکی برادری ہے۔

اِس دورے سے بھارت اور کویت کے درمیان کثیر رخی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا موقع ملے گا۔x

## Uttarakhand UCL

اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کہا کہ یکساں سول کوڈ جنوری 2025 تک ریاست میں نافذ کر دیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اتراکھنڈ ملک میں یکساں سول کوڈ نافذ کرنے والی پہلی ریاست بننے کی طرف تیزی سے گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام سماجی مساوات اور اتحاد کو مستحکم کرنے کی سمت میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔x

## INS Nirdeshak

بھارتی بحریہ کے ایک جدید ترین ہائیڈرو گرافک سمندری جہاز INS Nirdeshak کو آج وشاکھاپٹنم کے بحریہ کے Dockyard میں، بحریہ میں شامل کیا گیا۔ جہاز کی کمیشنگ کے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محکمۂ دفاع کے وزیرمملکت سنجے سیٹھ نے کہا کہ بھارتی بحریہ ٹکنالوجی کو آتم نربھر بھارت کے ایک حصے کے طور پر سروے کے بہترین جہاز تعمیر کرنے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ NDA اتحاد کے برسر اقتدار آنے کے بعد دفاعی صنعت میں خاطر خواہ بہتری آئی ہے۔

Servey Vessel Project کا دوسرا سمندری جہاز INS Nirdeshak کو ہائیڈرو گرافک سروے کرنے، نیوی گیشن میں تعاون دینے اور سمندری کارروائیوں میں تعاون فراہم کرنے کی غرض سے تعمیر کیا گیا ہے۔ 80 فیصد سے زیادہ ملکی مشمولات کے ساتھ یہ سمندری جہاز ملک کے سمندری علاقوں پر نظر رکھنے اور بھارتی سمندری خطے میں بھارت کی کلیدی موجودگی کو مستحکم کرنے میں اہم ترین رول ادا کرے گا۔×

## Maha Bopat Capsize

آج شام ممبئی کے نزدیک کشتی کے ایک حادثے میں کم سے کم 13 افراد ہلاک ہو گئے۔ Elephanta Caves کی جانب رواں یہ پرائیویٹ Ferry کشتی رائے گڑھ ضلعے میں Uran کے نزدیک ڈوب گئی۔

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڈنویس نے اطلاع دی ہے کہ 13 ہلاکین میں سے دس شہری ہیں اور تین بحریہ کے اہلکار ہیں۔ دو دیگر تشویشناک حد تک زخمی ہیں اور بحریہ کے اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

ناگپور میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب فڈنویش نے بتایا کہ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جاب بحریہ کی ایک تیز رفتار بے قابو کشتی مسافر کشتی سے ٹکرا گئی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بحریہ، کوسٹ گارڈ اور سمندر میں تعینات پولیس فی الوقت بچاؤ کے کاموں میں لگی ہے اور مہلوکین کی صحیح تعداد کا علم کل صبح تک ہو پائے گا۔ جناب فڈنویس نے وزیراعلیٰ کے ریلیف فنڈ سے مہلوکین کے اہل خانہ کے لیے پانچ لاکھ روپے کے معاوضے کا اعلان بھی کیا ہے۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بھی اس حادثے میں جانیں تلف ہونے پر انتہائی صدمے کا اظہار کیا ہے۔×

## Income Tax Collection

انکم ٹیکس محکمے نے مالی برس 2024-25 کے لیے براہ راست ٹیکس کی صورت میں کل تک 19 لاکھ 21 ہزار کروڑ روپے جمع کر لیے تھے۔ مالی برس 2023-24 کی اسی مدت کے مقابلے اِس میں 20 اعشاریہ تین دو فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ جمع شدہ رقم میں نو لاکھ 24 ہزار کروڑ روپے کا کارپوریٹ ٹیکس اور نو لاکھ 53 ہزار کروڑ روپے کا نان

کارپوریٹ ٹیکس شامل ہے۔ محکمے نے کل تک تین لاکھ 38 ہزار کروڑ روپے کے ریفنڈ بھی جاری کر دیئے تھے۔

براہ راست ٹیکس کی مجموعی حصولیابی نے 16 فیصد کی خاطر خواہ ترقی ریکارڈ کی گئی جو 15 لاکھ 82 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم ہے۔x

## RS One Nation One Subscription

ایک ملک ایک Subscription اسکیم میں 30 معروف ناشروں کے ذریعے شائع کردہ 13 ہزار سے زیادہ علمی جرائد کو شامل کیا گیا ہے۔ اس اسکیم کا آغاز تعلیم کی وزارت کی جانب سے علمی تحقیقی مضامین اور جرائد کی اشاعت کو پورے ملک تک رسائی فراہم کرنے کے مقصد سے کیا گیا ہے۔ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے تحت سبھی اعلیٰ تعلیمی اداروں اور تحقیق و ترقی کے اداروں کو ان مضامین اور جرائد تک اگلے تین برسوں کیلئے یعنی 2027 تک رسائی حاصل ہوگی۔ تعلیم کی وزارت میں وزیر مملکت ڈاکٹر سکانتا مجمدار نے سوالات کے وقفے کے دوران راجیہ سبھا کو مطلع کیا کہ ایک ملک ایک سبسکرشن اسکیم کے تحت ان جرائد کی خرید کیلئے 5 ہزار 999 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔x

## NIa Khalistan Terrorist

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے آج کہا کہ اس نے ممنوعہ ببّر خالصہ بین الاقوامی تنظیم (BKI) کے نامزد دہشت گرد لکھبیر سنگھ کے دو اہم ساتھیوں کے خلاف فرد جرم داخل کی ہے۔ یہ فرد جرم کل موہالی پنجاب میں NIA کی ایک خصوصی عدالت میں پیش کی گئی۔ NIA نے کہا کہ ملزم جسپریت سنگھ عرف Jass اور بلجیت سنگھ عرف رانا بھائی مبینہ طور پر بیرون ملک میں مقیم دہشت گرد لکھبیر سنگھ کے ذریعے چلائے جا رہے دہشت گرد گروپ کے سرگرم کارندے ہیں۔ لکھبیر سنگھ کو Landa کے نام سے بھی جاتا ہے۔ NIA کی تفتیش میں یہ بھی انکشاف ہوا کہ جسپریت سنگھ Landa اور اس کے ساتھ Pattu Khaera کیلئے سرگرمیاں انجام دینے میں اہم رول ادا کر رہا تھا۔ x

## Assam Arrest

آسام میں خصوصی ٹاسک فورس نے آج صبح سویرے ڈھُبری اور کوکرا جھار ضلعوں میں ممنوعہ گروپ جماعت المجاہدین (Jel-M) سے مبینہ طور پر منسلک 8 مشتبہ ملیٹنٹوں کو گرفتار کیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ گرفتاریاں دو الگ الگ مقامات سے کی گئیں۔ گرفتار کئے گئے ان سبھی مشتبہ افراد کو مزید تفتیش کیلئے گواہاٹی لے جایا گیا ہے۔ x

## Punjab Farmers Bandh

پنجاب میں آج کسانوں نے، اپنے تین گھنٹے کے ریل روکو احتجاج کے ایک حصے کے طور پر فیروز پور ریلوے ڈویژن کے تحت 22 مقامات پر ریل گاڑی کے راستوں کو بلاک کر دیا ہے۔ البتہ، احتجاج پرامن طور پر ختم ہو گیا۔ ریلوے کے ذریع نے آکاشوانی کو بتایا کہ احتجاج کے سبب 12 ریل گاڑیوں کو منسوخ کیا گیا، دو ریل گاڑیوں کے سفر کومختصر کیا گیا اور 34 تاخیر سے پہنچیں۔ احتجاج ختم ہونے کے بعد ٹرین خدمات بحال ہو گئیں۔

کسان اپنے مطالبات کی حمایت میں احتجاج کر رہے ہیں جس میں فصلوں کے لیے کم از کم امدادی قیمت کی ایک قانونی گارنٹی کا مطالبہ شامل ہے۔

اِدھر ایک اور اہم واقعہ یہ پیش آیا کہ پنجاب اور ہریانہ کے درمیان سرحد پر کسانوں کے احتجاج سے متعلق معاملے میں سپریم کورٹ نے پنجاب کے حکام سے آج کہا کہ وہ کسانوں کے لیڈر جگجیت سنگھ Dallewal کی صحت کی صورتحال کے مسئلے کو تیزی سے نمٹائیں۔ وہ 20 دن سے Khanauri Shambhu سرحد پر بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں۔

جسٹس سوریہ کانت اور Ujjal Bhuyan کی بنچ نے یہ وضاحت بھی کی کہ کسان اعلیٰ اختیاری کمیٹی کے سامنے اپنی نمائندگی پیش کرنے کے بجائے اپنے مطالبات براہ راست عدالت کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔x

## Jaishankar India

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اسرائیل کے اپنے ہم منصب Gideon Saar سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جے شنکر نے کہا کہ جناب Sa'ar نے انھیں خطے میں جاری پیش رفتوں سے واقف کرایا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کے وزیر خارجہ نے دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات اور انھیں مزید مستحکم کرنے کی کوششوں کے بارے میں بھی تبادلۂ خیال کیا۔ x

## Cricket India Aus Result

برس بین کے Gabba میں بارڈر گواسکر ٹرافی کا تیسرا ٹیسٹ میچ بارش کے سبب ڈرامائی طور پر ڈرا ہو گیا۔ بھارت نے اپنی دوسری اننگز میں بغیر کوئی وکٹ کھوئے آٹھ رن بنائے تھے کہ بارش کی وجہ سے میچ روکنا پڑا۔ اُس وقت بھارت کو جیت کے لیے 267 رن درکار تھے لیکن موسم نے کسی بھی ٹیم کے لیے فیصلہ کن نتیجے کو مسترد کر دیا۔ اِس سے قبل پانچویں دن آج بھارت کی ٹیم آسٹریلیا کے 445 رن کے جواب میں اپنی پہلی اننگز میں 260 رن بنا کر آؤٹ ہو گئی تھی۔x

## Ashwin Retirement

بھارت کے آل راؤنڈر کرکٹ کھلاڑی روندر چندرن اشون نے فوری طور پر بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ 38 برس کے اس شاندار کھلاڑی نے بارڈر گواسکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ کے ڈرا پر ختم ہونے کے فوراً بعد یہ اعلان کیا۔ اشون بین الاقوامی اور ٹسٹ کرکٹ میں بھارت کے سب سے زیادہ وکٹ لینے والے دوسرے نمبر کے کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے 6 نومبر 2011 کو دلی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف بھارت کی طرف سے اپنا پہلا ٹیسٹ میچ کھیلا تھا۔ اپنے شاندار کریر میں اشون نے 106 ٹیسٹ میں 537 وکٹ لیے۔ صرف انل کمبلے 619 وکٹ کے ساتھ ان سے آگے ہیں۔ انہوں نے ٹیسٹ میچوں میں چھ سنچریاں اور 14 ہاف سنچریاں بھی بنائیں۔

ٹیسٹ میں اپنی کامیابیوں کے علاوہ اشون نے بھارت کے لیے، 116 ایک روزہ میچوں میں 156 اور 65 ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچوں میں 72 وکٹ لیے۔

اشون ٹی ٹوئینٹی ٹورنامنٹس کھیلتے رہیں گے اور وہ IPL 2025 میں چنئی سپر کنگز میں کھیلیں گے۔ x

## Chess Pranav Venkatesh

شطرنج میں بھارت کے Pranav Venkatesh نے کل Slovenia میں FIDE عالمی انڈر 18 یوتھ Rapid اور بلٹز دونوں خطاب حاصل کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ چنئی سے تعلق رکھنے والے اوّل درجے کے بھارتی گرانڈ ماسٹر نے Rapid زمرے میں متاثر کن 9.5 پوائنٹس حاصل کرکے طلائی تمغہ حاصل کیا۔ وہیں روس کے الیگزینڈر Khripachanko نے 9 پوائنٹس حاصل کرکے چاندی کے تمغے کے دعویدار بنے جبکہ یوکرین کے Roman Pyrih نے سات اعشاریہ پانچ پوائنٹس حاصل کرکے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ x

## Railway Kumbh Mela

حکومت نے ان میڈیا خبروں کو مسترد کر دیا ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ مہا کمبھ میلے کے دوران مسافروں کو مفت سفر کی سہولت فراہم ہوگی۔ ریلوے کی وزارت نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بھارتیہ ریلوے واضح پر ایسی اطلاعات کو مسترد کرتا ہے اور یہ اطلاعات قطعی طور پر بے بنیاد اور گمراہ کن ہیں۔ x

## FIFA Best Awards

فٹبال میں برازیل کے کھلاڑی Vinicius Junior کو دوحہ میں منعقدہ فیفا Best Awards میں مردوں کے زمرے میں Player of the Year کے خطاب سے نوازا گیا ہے۔ ارجنٹینا کے مشہور زمانہ کھلاڑی میسی کو پچھلے

دو برس کے لیے ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

خواتین کے زمرے میں اسپین کی کھلاڑی Bonmati کو لگاتار دوسرے سال بھی Player of the Year کا ایوارڈ دیا گیا ہے۔×

## Ajit Doval China Meetings

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے آج بیجنگ میں چین کے وزیر خارجہ Wang Yi سے اہم باہمی معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔ اِن معاملات میں حقیقی لائن آف کنٹرل LAC پر امن اور سکون کے قیام اور باہمی تعلقات کی بحالی کے معاملات شامل ہیں جو مشرقی لداخ میں فوجی تعطل کے سبب چار برس سے رکے ہوئے تھے۔

بھارتی وفد کی قیادت کر رہے جناب ڈوبھال کل بیجنگ پہنچے ہیں جہاں وہ خصوصی نمائندوں کے مذاکرات کے 23ویں راؤنڈ میں حصہ لیں گے جو پانچ برس کے تعطل کے بعد پھر سے شروع ہو رہے ہیں۔ پچھلی میٹنگ دلی میں 2019 میں ہوئی تھی۔

امید ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان 21 اکتوبر کو مشرقی لداخ میں فوجوں کے پیچھے ہٹنے اور گشت کیے جانے کے تعلق سے اتفاق رائے کی روشنی میں تبادلۂ خیال میں باہمی تعلقات کی تشکیل نو پر توجہ کی جائے گی۔×

## Bangladesh Killed

آج بنگلہ دیش میں ٹونگی غازی پور کے بِسوا اجتماع میدان پر قبضے کے معاملے پر دو گروپوں کے درمیان پُرتشدد تصادم میں 2 افراد ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔تبلیغی جماعت کے مولانا زبیر احمد کے پیروکاروں اور بھارت کے مولانا سعاد کندھاولی کے حامیوں کے درمیان ٹونگی کے بِسوا اجتماع میدان کے قبضے کے مسئلے کو لے کر صبح سویرے 3 بجے یہ تصادم پھوٹ پڑا۔ غازی پور میٹرو پولیٹن پولیس کے ڈپٹی کمشنر التمش نے اس واقعہ کی تصدیق کی۔ زخمی افراد کو بچا لیا گیا اور مقامی ڈھاکہ کے مختلف اسپتالوں میں علاج کیلئے لے جایا گیا۔ x

## Swedish Defence Expansion

سویڈن کی پارلیمنٹ نے فوجی بجٹ کو موجودہ 125 ارب Swedish Krona (SEK) سے بڑھاکر 2030 تک 186 ارب Swedish Krona کرنے کے لئے ایک دفاعی منصوبے کو منظوری دی ہے۔ سویڈن کے فوجی سرکار ٹیلی ویژن براڈ کاسٹر SVT کی رپورٹ کے مطابق وزیر دفاع Pal Jonson نے کہا کہ منصوبے میں گولی بارود، میزائل اور پرزوں کی سپلائی کو وسعت دینے کو ترجیح دی گئی ہے۔ سویڈین اپنی دفاعی فوج میں 2035 تک

فوجیوں کی تعداد موجودہ 88 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ 30 ہزار کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔

میڈیا اطلاعات کے مطابق فوج میں سالانہ بھرتیوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ ڈرونز، طویل فاصلے تک وار کرنے والے میزائل، اور جدید رڈرار نظاموں پر اخراجات میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ اس ماہ کی 13 تاریخ کو سویڈن کے قانون سازوں نے Lativa میں NATO کی کثیر ملکی بریگیڈ میں ملک کی جانب سے طویل مدتی شراکت داری کو منظوری دی تھی۔ x

☆☆☆☆☆